# کاروان ادب یوٹیوب چینل، مرادآباد یوپی

نیٹ/جے آر ایف اُردو کے مکمل نصاب پر مبنی
او . ایم. آر . ٹیسٹ.2022

**OMR BASE TEST-2022**
**22 May 2022**
**Time: 8:30am to 10:30am**

[Question Paper Booklet]

نمبرات: 200 وقت: دو گھنٹے

## امیدواروں کے لیے ہدایت

1۔ یہ صرف پریکٹس ٹیسٹ ہے۔اس کو اپنی پریکٹس کی غرض سے حل کریں۔
2۔اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں ۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیئے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
3۔امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
4۔اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
5۔غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
6۔ٹیسٹ کے اختتام پر امیدوار کو اپنی جوابی OMR کی تصویر ہمارے واٹس ایپ نمبر پر 10 منٹ میں سینڈ کرنا ہوگی۔
7۔ٹیسٹ میں معلوم کیے گئے سوالات کا اصل امتحان میں آنے کا ہم دعویٰ نہیں کرتے۔اگر اس طرح کے سوالات آتے ہیں تو یہ محض ایک اتفاق ہوگا۔
8۔اگر کوئی سوال غلط معلوم کیا گیا ہو تو اس کے نمبر کا دینے کا فیصلہ ہماری کاروان ادب ٹیم کرے گی۔
9۔ٹیسٹ کی جوابی کلید اور رزلٹ دو سے تین دن بعد جاری کیا جائے گا۔

☆☆☆

**Team Karwan E Adab :-** Dr. Tabassum Khan ( Assistant Professor, Govt. PG College Sheopur,M.P.)
Mohd Sabir (Assistant Teacher , Jalalpur, Ambedkar Nagar, UP.
Mohd Hilal Alam , (Mentor) Moradabad, UP.
Mahfooz Alam, (Research Scholar, MJPRU Bareilly)

KARWAN E ADAB

1۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) آب حیات۔محی الدین قادری زور (B) پنجاب میں اردو۔محمود شیرانی

(C) دکن میں اردو۔نصیرالدین ہاشمی (D) لسانی جائزے۔مولوی عبدالحق

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) A اور D (۴) C اور D

2۔اردو زبان کے آغاز کے سلسلے میں کون سانظریہ کس کا ہے یہ ملائیں۔

(A) برج بھاشا سے نکلی (i) سید سلیمان ندوی

(B) پنجاب سے نکلی (ii) مسعود حسین خاں

(C) سندھ میں پیدا ہوئی (iii) محمد حسین آزاد

(D) نواح دہلی کی زبان (iv) محمود شیرانی

(۱) A iv, B iii, C ii, D i (۲) A iii, B iv, C i, D ii

(۳) A iii, B ii, C iv, D i (۴) A iii, B ii, C i, D iv

3۔لغت کے مطابق درست ترتیب کیا ہوگی؟

(۱) مسعود حسین خاں، محمود شیرانی، محمد حسین آزاد، سید سلیمان ندوی

(۲) سید سلیمان ندوی، محمد حسین آزاد، محمود شیرانی، مسعود حسین خاں

(۳) سید سلیمان ندوی، مسعود حسین خاں، محمود شیرانی، محمد حسین آزاد

(۴) سید سلیمان ندوی، محمود شیرانی، محمد حسین آزاد، مسعود حسین خاں

4۔جائے وفات کے اعتبار سے درست زمرہ تلاش کریں:

(A) محمد حسین آزاد: دہلی (B) نصیرالدین ہاشمی: حیدرآباد

(C) شوکت سبزواری: کراچی (D) سید سلیمان ندوی: بہار

(۱) A اور C (۲) C اور D (۳) B اور C (۴) B اور D

5۔مسعود حسین خاں کے بیانات کا درست زمرہ کیا ہوگا؟

(A) نواح دہلی کی بولیاں اردو کا اصل سرچشمہ ہیں اور حضرات دہلی اس کے حقیقی مولد ومنشا۔

(B) ہریانوی زبان کی پیدائش اردو کی پیدائش کے بعد عمل میں آئی۔

(C) قدیم اردو کی اساس دہلی کی ہریانی بولی پر قائم ہے۔

(D) اردو نے قدیم مغربی ہندی سے ترقی پا کر موجودہ روپ اختیار کیا۔

(۱) A اور C (۲) A,B,C (۳) A,B,D (۴) Aاور B

KARWAN E ADAB

6۔مغربی ہندی کے تعلق سے درست زمرہ تلاش کریں:

(A) اُو۔کو ترجیح دینے والی : برج بھاشا، کھڑی بولی

(B) اَ۔کو ترجیح دینے والی : کھڑی بولی، ہریانی

(C) اَ۔کو ترجیح دینے والی : برج بھاشا، ہریانی

(D) اُو۔کو ترجیح دینے والی : بندیلی، قنوجی

(۱) A اور D (۲) B اور D (۳) A اور C (۴) C اور D

7۔لسانیات کی شاخوں کا درست زمرہ؟

(۱) صوتیات، نحویات، ضمریات، سمعیات (۲) فونیمیات، تلفظیات، صرفیات، نودیت

(۳) صوتیات، صرفیات، نحویات، معنیات (۴) مارفیمیات، ضمریات، فیمیات، نحویات

8۔ بندشی آوازوں کا زمرہ تلاش کریں:

(A) چ، ح، ض، دھ (B) ک، کھ، ن، م

(C) پ، بھ، د، ٹ، ج (D) ک، کھ، گ، گھ

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) A اور D (۴) C اور D

9۔ ادبی پراکرتوں کی قسموں والا زمرہ؟

(A) مہاراشٹری، شورسینی (B) مگدھی، راجستھانی

(C) مگدھی، اردھ مگدھی، پیشاچی (D) گجراتی، کھڑی بولی، مگدھی

(۱) A اور C (۲) B اور D (۳) A,B,C (۴) C اور D

10۔ صحیح جوڑ ملائیں:

(A) شورسینی (i) مغربی پنجاب

(B) مراٹھی (ii) ضلع فرخ آباد

(C) لہندا (iii) متھرا

(D) قنوجی (iv) مہاراشٹرا

(۱) A iv, B iii, C ii, D i (۲) A iii, B iv, C i, D ii

(۳) A ii, B i, C iii, D iv (۴) A iv, B ii, C i, D iii

11۔ ذیل میں دو زمرے درست ہیں؟

(A) لہندا، سندھی، مراٹھی، آسامی (B) مہاراشٹری، بنگالی، اڑیا، بہاری

(C) شورسینی، مگدھی، اردھ مگدھی، پشاچی (D) پالی، سنسکرت، کھڑی بولی، کوسلی

(۱) A اور B (۲) B اور D (۳) A اور C (۴) C اور D

12۔ نصاب میں کن شعری مجموعوں کی غزلیں شامل کی گئی ہیں؟

(A) گل نغمہ، شعلہ طور، اسم اعظم، مشعل

(B) آتش گل، غزل، آیات وجدانی، نشاط روح

(C) عشق نامہ، گل نغمہ، وہ جو شاعری کا سبب ہوا، اسم اعظم

(D) روح کائنات، روپ، سرود زندگی، سات سماوات

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) C اور D (۴) B اور D

KARWAN E ADAB

13۔ فراق کو گل نغمہ پر کون کون سے انعام ملے؟

(۱) پدم بھوشن اور ساہتیہ اکادمی (۲) ساہتیہ اکادمی اور گیان پیٹھ ایوارڈ

(۳) سوویت لینڈ نہرو اور پدم بھوشن (۴) غالب ایوارڈ اور پدم شری

14۔ شعراء اور ان کے شعری مجموعوں کو جوڑیے:

(A) شعلہ ساز (i) مجروح

(B) مشعل جاں (ii) اصغر گونڈوی

(C) چراغ سخن (iii) فراق گورکھپوری

(D) نشاط روح (iv) یگانہ چنگیزی

(۱) A ii, B iii, C iv, D i (۲) A iii, B i, C iv, D ii

(۳) A iv, B i, C ii, D iii (۴) A i, B iii, C iv, D ii

15۔درست زمرہ بتائیں:

(A) جگر۔ پدم بھوشن

(B) اصغر۔ پدم بھوشن

(C) عرفان صدیقی ۔ پدم بھوشن

(D) فراق ۔ پدم بھوشن

(۱) A اور C　(۲) B اور C　(۳) B اور D　(۴) A اور D

16۔درست زمرہ بتائیں:

(A) ساتواں در۔شہریار : دریا۔فراق

(B) عشق نامہ۔عرفان صدیقی : اسم اعظم۔شہریار

(C) نشاط روح۔جگر : مشعل جاں۔فراق

(D) سات سماوات۔عرفان صدیقی: حاصل سیر جہاں۔شہریار

(۱) A اور B　(۲) B اور C　(۳) B اور D　(۴) A اور D

17۔صحیح جوڑے ملائیں:

(A) غزل اور مطالعہ غزل　(i) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) اردو غزل گوئی　(ii) ڈاکٹر یوسف حسین خاں

(C) اردو غزل　(iii) فراق گورکھپوری

(D) اردو غزل کے اہم موڑ　(iv) عبادت بریلوی

(۱) D i , C iii, B ii, A iv　(۲) D ii , C i, B iv, A iii

(۳) D i , C ii, B iii, A iv　(۴) D ii , C i, B iii, A iv

18۔'نئی غزل' نام سے کس نے کتاب لکھی؟

(۱) ڈاکٹر فرحت کمال　(۲) فراق گورکھپوری　(۳) عبادت بریلوی　(۴) فرمان فتح پوری

19۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) جگر۔علی سکندر : اصغر۔محمد اصغر

(B) یگانہ۔مرزا واجد حسین : جگر۔علی سکندر

(C) فراق۔سندر لال سہائے : غالب۔فرحت اللہ

(D) فانی۔شوکت علی خان : حسرت۔سید فضل الحسن

KARWAN E ADAB

(۱) A اور B　(۲) B اور C　(۳) B اور D　(۴) A اور D

20۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) نکات سخن، مشاہدات زنداں، قید فرنگ

(B) داغ جگر، شعلہ طور، آتش گل

(C) نشاط روح، سرود زندگی

(D) سروش مستی، آیات وجدانی، آیات ونغمات

(۱) A اور B　(۲) B اور D　(۳) B, C, D　(۴) A, B, C

21۔ذیل میں دوزمرے صحیح ہیں:

(A)اسم اعظم ، نیند کی کرچیں

(B) کوچہ جاناں جاناں، پھرایسانظارہ نہیں ہوگا

(C)دھوپ کی دیوار، حاصل سیر جہاں

(D) کینوس، دیوانے دو

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) A اور D (۴) Bاور D

22۔قصیدہ کے اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب کیا ہوگی؟

(۱)مدح، دعا، گریز، تشبیب (۲)تشبیب ،گریز ، مدح، دعا

(۳)دعا، گریز، مدح، تشبیب (۴) گریز، تشبیب ، مدح، دعا

23۔صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A)گلزارنسیم | (i)میر حسن |
| (B)قطب مشتری | (ii)دیاشنکرنسیم |
| (C)سحرالبیان | (iii)نظامی بیدری |
| (D) کدم راؤ پدم راؤ | (iv)ملاوجہی |

(۱) D i , C iii, B ii, A iv (۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D ii , C iv, B i, A iii (۴) D iv , C ii, B iii, A i

24۔درج ذیل میں دوزمرہ صحیح ہیں:

(A) کدم راؤ پدم راؤ، پھول بن، سب رس

(B)باغ و بہار، باب الجنت ،قطب مشتری

(C) بکٹ کہانی، سحرالبیان، زہر عشق

(D)گلزارنسیم ، کدم راؤ پدم راؤ، قطب مشتری

(۱)A اور B (۲)B اور C (۳)C اور D (۴)A اور D

KARWAN E ADAB

25۔مثنوی قطب مشتری کے کرداروں کا زمرہ تلاش کریں:

(۱) زہرہ، مریخ خان، اسد خان، مہتاب پری

(۲) گل، شاہ سرطان، سلکھن پری، ملک آرا

(۳) بلبل، ملک شاہ، فیروز شاہ، بکاؤلی

(۴) مظفر، روح افزا، زین الملوک ،تاج الملوک

26۔مثنوی اوران کے کرداروں کے جوڑے ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A)سحرالبیان | (i)بہرام، حسن آرا |
| (B) کدم راؤ پدم راؤ | (ii)سمن بر، ملک آرا |
| (C)پھول بن | (iii)بے نظیر، نجم النساء |
| (D)گلزارنسیم | (iv)اکھر ناتھ، مچھندر |

(۱) D i , C ii, B iv, A iii (۲) D iv , C i, B iii, A ii

(۳) D iii , C iv, B i, A ii (۴) D ii , C i, B iv, A iii

27۔ بکٹ کہانی کو کن دو ادیبوں نے مل کر مرتب کیا؟

(۱) جمیل جالبی اور نور الحسن ہاشمی　　(۲) جمیل جالبی اور رشید حسن خاں

(۳) مولوی عبدالحق اور قاضی عبدالودود　　(۴) مسعود حسین خاں اور نور الحسن ہاشمی

28۔ موج گوہر میں بھی ہے طرز تبسم پیدا
کوئی دم میں، روش غنچہ، ہنسے گا گوہر

یہ شعر کس کے قصیدہ کا ہے؟

(۱) مرزا سودا　　(۲) ذوق　　(۳) غالب　　(۴) حالی

29۔ عادل شاہی دور کی مثنویاں:

(۱) ارشاد نامہ، ابراہیم نامہ، خاور نامہ، گلشن عشق

(۲) گلشن عشق، علی نامہ، خوش نامہ، کدم راؤ پدم راؤ

(۳) کدم راؤ پدم راؤ، گلشن عشق، خاور نامہ، خوش نغز

(۴) قطب مشتری، پھول بن، من لگن، نوسر ہار

30۔ ٹھنڈی ٹھنڈی وہ ہوائیں وہ بیاباں وہ سحر　　دم بدم جھومتے تھے وجد کے عالم میں شجر
اوس نے فرش زمرد پہ بچھائے تھے گہر　　لوٹی جاتی تھی لہکتے ہوئے سبزے پہ نظر
دشت سے جھوم کے جب باد صبا آتی تھی
صاف غنچوں کے چٹکنے کی صدا آتی تھی

یہ بند کس کے مرثیے سے لیا گیا ہے؟

(۱) میر انیس　　(۲) مرزا دبیر　　(۳) مرزا غالب　　(۴) جمیل مظہری

31۔35۔ اقتباس کی روشنی میں سوالات کے جوابات تلاش کریں:

”ریڈیو پر جو تقریریں نشر ہوتی ہیں ان میں اور دوسرے مقالوں یا مضامین میں فرق ہوتا ہے۔ ریڈیو میں ایک تو وقت کی پابندی ہوتی ہے۔ یہ اچھی بھی ہوتی ہے اور بری بھی۔ پندرہ منٹ میں آدمی کیا کہے اور کیا چھوڑے۔ پھر بھی وقت کی پابندی سے یہ فائدہ ضرور رہتا ہے کہ بنیادی مسائل اور خاص خاص رجحانات یا نمایاں خصوصیات کا ذکر ہو جاتا ہے۔ ریڈیو سننے والوں میں زیادہ تعداد ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جو ادب کا ذوق ممکن ہے رکھتے ہوں مگر ادب سے زیادہ واقف نہیں ہوتے۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ بات صاف اور سلجھے ہوئے انداز میں کی جائے۔ زبان جہاں تک ہو آسان ہو اور علمی تحقیق کے بجائے پیرایۂ بیان کی دلآویزی پر توجہ رہے۔“

KARWAN E ADAB

31۔ یہ اقتباس کس کتاب کے دیباچہ سے ماخذ ہے؟

(۱) نئے اور پرانے چراغ　　(۲) تنقیدی اشارے　　(۳) تنقید کیا ہے　　(۴) عملی تنقید

32۔ مصنف نے ریڈیو تقریروں پر سب سے بڑا فرق کس کو بتایا؟

(۱) زبان و بیان　　(۲) بنیادی مسائل کا حل　　(۳) مضامین لمبے ہوں　　(۴) وقت کی پابندی

33۔ ادب کا ذوق تو رکھتے ہیں لیکن ادب سے زیادہ واقف کون نہیں ہوتا؟

(۱) ٹی وی دیکھنے والے　　(۲) ریڈیو سننے والے　　(۳) کتابیں پڑھنے والے　　(۴) کوئی نہیں

34۔ ریڈیو پر تقریریں کس طرح کرنا چاہئے؟

(۱) صاف اور سلجھے ہوئے انداز میں　　(۲) معیاری انداز میں　　(۳) ناقدانہ انداز میں　　(۴) مشکل زبان میں

35۔ریڈیو پر وقت کی پابندی سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(۱)بات جلد ختم ہو جاتی ہے (۲)بنیادی مسائل اور خاص خاص رجحانات کا ذکر ہو جاتا ہے

(۳)نئے نئے مسائل پیدا ہو جاتے ہیں (۴)مصنف کا نام روشن ہوتا ہے

36۔''اردو میں تنقید کا معیار پست ہے۔جب تک معیار بلند نہ ہو اصول تنقید کی ترتیب نہ ہو کسی قابل قدر تبصرے کی امید بیکار ہے''۔بقول؟

(۱)رشید حسن خاں (۲)آل احمد سرور (۳)شمس الرحمٰن فاروقی (۴)کلیم الدین احمد

37۔کلیم الدین احمد کی کتاب اردو تنقید پر ایک نظر میں موجود مضامین کی درست ترتیب کیا ہوگی؟

(۱)تمہید، نئے تذکرے، پرانی تنقید اور سند، پرانے تذکرے

(۲)تمہید، پرانے تذکرے، نئے تذکرے، پرانی تنقید اور سند

(۳)پرانے تذکرے، تمہید، نئے تذکرے، پرانی تنقید اور سند

(۴)تمہید، پرانی تنقید اور سند، پرانے تذکرے، نئے تذکرے

38۔''ادب بہترین پروپیگنڈہ ہے لیکن بہترین پروپیگنڈہ ادب نہیں ہو سکتا''۔ بقول؟

(۱)آل احمد سرور (۲)کلیم الدین احمد (۳)علی سردار جعفری (۴)محمد حسن

39۔درست زمرہ تلاش کریں؟

(۱)ابن رشیق: طبقات الشعراء (۲)ابن قتیبہ :الشعراء والشعراء

(۳)قدامہ ابن جعفر:العمدہ (۴)عبدالقاہر جرجانی:نقدالشعراء

40۔ان میں درست زمرہ کیا ہوگا؟

(۱)افلاطون: کلاسیکیت کا نظریہ (۲)آئی اے رچرڈس: کتھارسس کا نظریہ

(۳)لون جائنس:علویت کا نظریہ اور ارتقاء کا تصور (۴)ارسطو:لاشعور کا نظریہ

41۔دبستان اور ان سے متعلق نقادوں کا درست زمرہ ہوگا؟

(۱)تاثراتی:فراق گورکھپوری،مہدی افادی

(۲)مارکسی: گوپی چند نارنگ، وزیر آغا

(۳)نفسیاتی: مجنوں گورکھپوری،مسعود حسین خاں

(۴)اسلوبیاتی:وزیر آغا،شبیہ الحسن

42۔سید احتشام حسین کی تصنیفات کا زمرہ تلاش کریں؟

(۱)تنقیدی افکار،تحریریں،عروض آہنگ

(۲)ادب اور نظریہ، پرکھ اور پہچان ،نظر اور نظریہ

(۳)ادب اور سماج،عملی تنقید، ادبی تنقید کے اصول

(۴)تنقید اور عملی تنقید،تنقیدی نظریات،اعتبار نظر

43۔''دائرے اور لکیریں'' کس کی کتاب ہے؟

(۱)گوپی چند نارنگ (۲)مجنوں گورکھپوری (۳)وزیر آغا (۴)شمس الرحمٰن فاروقی

44۔محی الدین قادری زور کی تصانیف کا زمرہ تلاش کریں:

(۱)تفہیم، اثبات ونفی (۲)اردو شہ پارے، روح تنقید (۳)اردو کا المیہ، انشا اور تلفظ (۴)تخلیقی عمل، مسرت کی تلاش

KARWAN E ADAB

45۔مرتبین کے لحاظ سے صحیح جوڑ ملائیں:

(A)چمنستان شعرا (i)رشید حسن خاں
(B)دیوان جوشش (ii)امتیاز علی عرشی
(C)باغ اردو (iii)مولوی عبدالحق
(D)گلزار نسیم (iv)قاضی عبدالودود

(۱) D iii , C i, B iv, A ii (۲) D i , C iv, B ii, A iii
(۳) D i , C ii, B iv, A iii (۴) D iv , C ii, B iii, A i

46۔جائے ولادت کے اعتبار سے صحیح جوڑ ملائیں؟

(A)امتیاز علی عرشی (i)شاہجہاں پور
(B)گیان چند جین (ii)رامپور
(C)رشید حسن خاں (iii)میرٹھ
(D)مولوی عبدالحق (iv)بجنور

(۱) D i , C iv, B iii, A ii (۲) D ii , C i, B iii, A iv
(۳) D ii , C i, B iv, A iii (۴) D iii , C i, B iv, A ii

47۔صحیح جوڑ ملائیں؟

| مصنف | ساہتیہ اکادمی ایوارڈ |
|---|---|
| (A)گوپی چند نارنگ | (i)1982 |
| (B)گیان چند جین | (ii)1962 |
| (C)راجندر سنگھ بیدی | (iii)1995 |
| (D)فراق گورکھپوری | (iv)1965 |

(۱) D ii , C iv, B i, A iii (۲) D iii , C ii, B i, A iv
(۳) D iii , C i, B iv, A ii (۴) D i , C ii, B iv, A iii

48۔''تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے''۔بقول؟

(۱)مولوی عبدالحق (۲)قاضی عبدالودود
(۳)گیان چند جین (۴)جمیل جالبی

KARWAN E ADAB

49۔''تحریریں، کھوج، ذکر وفکر کس کی تخلیقات ہیں؟

(۱)گوپی چند نارنگ (۲)گیان چند جین
(۳)وزیر آغا (۴)آل احمد سرور

50۔''اچھی تنقید محض تخریبی نہیں ہوتی محض خامیوں یا کوتاہیوں کو نہیں دیکھتی، وہ بلندیوں کو دیکھتی ہے اور یہ اندازہ لگاتی ہے کہ بلندی کیسی ہے۔'' بقول؟

(۱)احتشام حسین (۲)کلیم الدین احمد
(۳)آل احمد سرور (۴)شمس الرحمٰن فاروقی

51۔''کسی خاص شخص کی زندگی کی تاریخ سوانح عمری ہے''۔ بقول؟

(۱)جانسن (۲)آرنلڈ
(۳)گیان چند جین (۴)ڈرائیڈن

52۔سوانح اوران کے مصنف کا جوڑ ملائیں:

(A)حیات سعدی، یادگار غالب — (i)اختر الایمان

(B)الفاروق، المامون — (ii)حالی

(C)زرگزشت — (iii)شبلی

(D)اس آباد خرابے میں — (iv)مشتاق احمد یوسفی

(۱) D i , C iv, B iii, A ii — (۲) D i , C iv, B ii, A iii

(۳) D ii , C i, B iii, A iv — (۴) D iv , C iii, B i, A ii

53۔آب حیات سے متعلق دو زمرے صحیح ہیں:

(A) پہلا دور: میر تقی میر، میر درد

(B)دوسرا دور: شاہ حاتم، اشرف علی خاں

(C) تیسرا دور: ناسخ، یک رنگ

(D)چوتھا دور: میر حسن، مصحفی

(۱)A اور B — (۲)B اور D — (۳)A اور C — (۴)C اور D

54۔لاہور کے جغرافیہ کے طلبہ کی قسموں کے جوڑ ملائیں:

(A)پہلی قسم — (i)خیالی

(B)دوسری قسم — (ii)جمالی

(C)تیسری قسم — (iii)خالی

(D)چوتھی قسم — (iv)جلالی

(۱) D i , C ii, B iii, A iv — (۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D iii , C iv, B i, A ii — (۴) D iii , C ii, B iv, A i

55۔''کپور کے فن''،میں احمد جمال پاشا نے کس کے طرز پیش کئے ہیں؟ درست زمرہ تلاش کریں:

(A)رشید احمد صدیقی، احتشام حسین، کلیم الدین احمد، قاضی عبدالودود

(B) قاضی عبدالودود، عبادت بریلوی

(C)آل احمد سرور، احتشام حسین، رشید احمد صدیقی

(D)کلیم الدین احمد، محمد حسن، مجنوں گورکھپوری

(۱)A اور B — (۲)C اور D

(۳)A اور D — (۴)Bاور C

KARWAN E ADAB

56۔خاکہ اوران کے تخلیق کار کا زمرہ تلاش کریں:

(A) کندن: مولوی عبدالحق — (B)نذیر احمد کی کہانی: فرحت اللہ بیگ

(C)ایک وصیت کی تعمیل: رشید احمد — (D)نام دیو مالی: مولوی عبدالحق

(۱)A اور B — (۲)C اور D

(۳)B اور D — (۴)Bاور C

57۔تصانیف کو ان کی اشاعت کی سن سے ملائیں:

(A) نذیر احمد کی کہانی — 1961(i)

(B) مسافران لندن — 1894(ii)

(C) سفرنامہ روم ومصروشام — 1946(iii)

(D) غبار خاطر — 1928(iv)

(۱) D iii , C i, B iv, A iii — (۲) D ii , C iv, B i, A iii

(۳) D iii , C ii, B i, A iv — (۴) D iv , C i, B ii, A iii

58۔دبستان کی خصوصیت کے لحاظ سے جوڑ ملائیں:

(A) دبستان دہلی — (i) رعایت لفظی

(B) دبستان لکھنؤ — (ii) وہم میں ڈالنا

(C) فورٹ ولیم کالج — (iii) تصوف اور اخلاق

(D) ایہام گوئی — (iv) ترجمہ نگاری

(۱) D ii , C iv, B i, A iii — (۲) D ii , C i, B iv, A iii

(۳) D i , C iv, B iii, A i — (۴) D iii , C i, B ii, A iv

59۔ان میں دوزمرے صحیح ہیں:

(A) دبستان دہلی: سودا، درد، ذوق، مومن

(B) دبستان لکھنؤ: داغ، سودا، دبیر، نصیر

(C) دبستان دہلی: نسیم، میر حسن، ناسخ، آتش

(D) دبستان لکھنؤ: انیس، آتش، ناسخ، جعفر علی حسرت

(۱) A اور B — (۲) B اور C — (۳) A اور D — (۴) C اور D

60۔ابن بطوطہ کے تعاقب میں' سفر کی تاریخ کے جوڑ ملائیں:

(A) جرمنی ولندن — (i) جولائی 1972

(B) جاپان — (ii) نومبر 1971

(C) فلپائن — (iii) جنوری 1964

(D) لنکا — (iv) دسمبر 1972

(۱) D ii , C iv, B i, A iii — (۲) D iii , C iv, B i, A ii

(۳) D ii , C i, B iii, A iv — (۴) D i , C iii, B iv, A ii

KARWAN E ADAB

61۔فورٹ ولیم کالج کے مصنفین کو ان کی تخلیق سے ملائیں:

(A) شیر علی افسوس — (i) اخلاق ہندی

(B) حیدر بخش حیدری — (ii) ہفت گلشن

(C) بہادر علی حسینی — (iii) گل مغفرت

(D) مظہر علی خاں ولا — (iv) آرائش محفل

(۱) D ii , C i, B iii, A iv — (۲) D ii , C i, B iv, A iii

(۳) D iii , C i, B iv, A ii — (۴) D i , C ii, B iii, A iv

62۔ان میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) فورٹ ولیم کالج: رجب علی بیگ سرور، میر امن (B) دہلی کالج: ماسٹر رام چندر، مولوی سجان بخش

(C) دارالترجمہ عثمانیہ: مولوی عبدالحق، محمد مجیب (D) اصلاح زبان: دبیر، سید علی رضا

(۱) A اور D (۲) A اور C (۳) B اور C (۴) B اور D

63۔کسی ظالم کے پھندے میں آنا نہیں

دل کسی بے وفا سے لگانا نہیں

یہ غزل اردو کے کس ڈرامے میں استعمال کی گئی ہے؟

(۱) ضحاک (۲) یہودی کی لڑکی (۳) انارکلی (۴) اندرسبھا

64۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) غالب، نسیم، مظہر جان جاناں، نیاز فتح پوری

(B) آبرو، آرزو، مضمون، یک رنگ

(C) جمیل جالبی، شاہ حاتم، مولوی عبدالحق، آتش

(D) مہدی افادی، مجنوں گورکھپوری، سجاد انصاری

(۱) A اور D (۲) A اور C (۳) B اور D (۴) B اور C

65۔سر سید احمد خاں کی ولادت کہاں ہوئی؟

(۱) علی گڑھ (۲) لکھنؤ (۳) مرادآباد (۴) دہلی

66۔ترقی پسند تحریک کا پہلا منشور تیار کرنے والے ادیبوں کا زمرہ:

(۱) سجاد ظہیر، محمد دین تاثیر، امام بخش صحبائی، نظم طباطبائی

(۲) سجاد ظہیر، ملک راج آنند، کرشن چندر، جیوتی گوش

(۳) سجاد ظہیر، ڈاکٹر ایس بھٹ، پریم چند، عبدالحلیم

(۴) ملک راج آنند، سجاد ظہیر، جیوتی گوش، ڈاکٹر محمد دین تاثیر

67۔ترقی پسند ادیبوں کی کس کانفرنس میں فحاشی کے خلاف قرارداد پیش کی گئی؟

(۱) دوسری کانفرنس (۲) تیسری کانفرنس (۳) چوتھی کانفرنس (۴) پانچویں کانفرنس

KARWAN E ADAB

68۔ان میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A) علی گڑھ تحریک: محسن الملک، چراغ علی، شبلی نعمانی

(B) حلقہ ارباب ذوق: بلراج کومل، قیوم نظر، میرا جی

(C) ترقی پسند تحریک: وقار الملک، مولوی ذکاء اللہ، پریم چند

(D) جدیدیت: محمد حسین آزاد، حالی، سر سید

(۱) B اور C (۲) A اور D

(۳) C اور D (۴) A اور B

69۔مابعد جدیدیت کا سب سے بڑا حمایتی کس کو مانا جاتا ہے؟

(۱) گوپی چند نارنگ اور وزیر آغا (۲) مسعود حسین خاں اور فصیل جعفری

(۳) گیان چند جین اور وزیر آغا (۴) عبدالصمد اور الیاس احمد گدی

70۔صحیح جوڑ ملائیں:

(A)رباعی (i)کم سے کم دوشعر
(B)قطعہ (ii)چار مصرعوں میں ایک مکمل مضمون
(C)واسوخت (iii)کسی دوسرے شاعر کے مصرعے پر مصرعے لگانا
(D)تضمین (iv)محبوب کو جلی کٹی سنانا

(۱) D iv , C ii, B iii, A i (۲) D iii , C iv, B i, A ii
(۳) D i , C iv, B iii, A ii (۴) D ii , C i, B iii, A iv

71۔درست جوڑ ملائیں:

(A)مثلث (i)ہر بند میں چار چار مصرعے
(B)مربع (ii)ہر بند میں چھ چھ مصرعے
(C)مخمس (iii)ہر بند تین مصرعوں پر
(D)مسدس (iv)ہر بند میں پانچ پانچ مصرعے

(۱) D iv , C iii, B i, A ii (۲) D ii , C i, B iii, A iv
(۳) D ii , C iv, B i, A iii (۴) D iii , C ii, B iv, A i

72۔ریڈیو فیچر کے بارے میں دو صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے۔

(A)ریڈیو فیچر، ریڈیو ٹاک اور ریڈیو ڈرامے کی ملی جلی شکل ہے۔
(B)ریڈیو فیچر میں حقیقت نہیں ہوتی۔
(C)ریڈیو فیچر کے موضوعات محدود ہوتے ہیں۔
(D)ریڈیو فیچر میں موضوع کے ساتھ ساتھ سرخی کو بھی دل چسپ ہونا چاہیے۔

(1) A اور D (۲) A اور B
(۳) C اور D (۴) D اور B

73۔ذیل میں دو زمرے صنف کے لحاظ سے درست ہیں :

(A)خدا کی بستی، واردات، کندن
(B)آنگن، بستی، امراؤ جان ادا
(C)ٹھنڈا گوشت، ہم وحشی ہیں، راستہ بند ہے
(D)کسان، نام دیو مالی، فائر ایریا

(1) A اور B (۲) B اور C
(۳) C اور D (۴) A اور D

KARWAN E ADAB

74۔تشریح، توضیح، تفصیل اور بصارت کا اظہار کس صنف میں ہوتا ہے؟

(۱)رپورتاژ (۲)تبصرہ (۳)پیروڑی (۴)کالم

75۔''جوابی نغمہ'' کس صنف کو کہا گیا؟

(۱)رباعی (۲)واسوخت (۳)پیروڑی (۴)ترائلے

76۔''اخبار کی اہم تحریر جس میں مدیر، ناشر یا مالک کسی اہم مسئلے پر رائے دیتا ہے''۔

(۱)کالم (۲)تبصرہ (۳)منظرنامہ (۴)اداریہ نگاری

77۔ذیل میں افسانوی مجموعوں کوان کے افسانوں سے ملائیں:

(A)راستہ بند ہے (i)دوسیاخ،حسب نسب

(B)الاؤ (ii)گل نغمہ،موت کے بیچ

(C)روشنی کی رفتار (iii)پہیہ،پیاسی چڑیا

(D)بابالوگ (iv)جوار بھاٹا،ٹوٹا تارہ

(۱) D iii , C i, B iv, A ii (۲) D i , C iv, B iii, A ii

(۳) D iii , C ii, B i, A iv (۴) D i , C ii, B iv, A iii

78۔افسانوں اوران میں شامل کرداروں کے جوڑ ملائیں:

(A)دوسیاح (i)شیتل داس

(B)سرکشی (ii)ربو

(C)لحاف (iii)عبدالشکور

(D)دیوار (iv)گل بانو

(۱) D iii , C iv, B i, A ii (۲) D i , C ii, B iv, A iii

(۳) D ii , C i, B iv, A iii (۴) D iii , C ii, B i, A iv

79۔ناول اوران میں شامل کرداروں کے جوڑ ملائیں:

(A)آگ کا دریا (i)عائشہ

(B)فائر ایریا (ii)سلطانہ

(C)گودان (iii)ہری شنکر

(D)ایک چادر میلی سی (iv)پرپھول جوشی

(۱) D i , C ii, B iii, A iv (۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D i , C ii, B iv, A iii (۴) D ii , C iv, B i, A iii

80۔ذیل میں دوزمرے درست ہیں:

(A) بستی: گیارہ حصے (B) امراؤجان ادا: بیس حصے

(C) اداس نسلیں: پانچ باب (D) ایک چادر میلی سی: گیارہ حصے

(۱)A اور B (۲)B اور C (۳)C اور D (۴)A اور D

KARWAN E ADAB

81۔ناولوں کوان کے تخلیق کار سے جوڑیے:

(A)بستی (i)عبدالحلیم شرر

(B)خدا کی بستی (ii)انتظار حسین

(C)فردوس بریں (iii)الیاس احمد گدی

(D)فائر ایریا (iv)شوکت صدیقی

(۱) D iii , C ii, B i, A iv (۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D i , C iv, B ii, A iii (۴) D i , C iv, B iii, A ii

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

82۔درست جوڑ ملائیں:

(A)ناول (i)جاپانی
(B)نظم (ii)فرانسیسی
(C)ہائکو (iii)عربی
(D)ترائلے (iv)انگریزی

(۱) D ii , C i, B iii, A iv (۲) D i , C ii, B iii, A iv
(۳) D i , C iv, B iii, A ii (۴) D ii , C i, B iv, A iii

83۔صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(۱) گودان،بستی،توبتہ النصوح،فردوس بریں
(۲) فردوس بریں،توبتہ النصوح،بستی،گودان
(۳) توبتہ النصوح،فردوس بریں،گودان،بستی
(۴) بستی،فردوس بریں،گودان،توبتہ النصوح

84۔ذیل میں دیئے گئے ڈراموں کو ان کے تخلیق کار سے ملائیں:

(A) آفتاب محبت (i) حبیب تنویر
(B) گونگی جورو (ii) محمد حسن
(C) زہریلی ہوا (iii) امتیاز علی تاج
(D) کہرے کا چاند (iv) آغا حشر کاشمیری

(۱) D i , C iv, B ii, A iii (۲) D i , C ii, B iii, A iv
(۳) D i , C ii, B iv, A iii (۴) D iv , C i, B iii, A ii

85۔باغ و بہار سے متعلق درست جوڑ ملائیں:

(A) آزاد بخت (i) فارس
(B) پہلا درویش (ii) ملک روم
(C) دوسرا درویش (iii) چین
(D) چوتھا درویش (iv) یمن

(۱) D iii , C i, B iv, A ii (۲) D i , C iv, B iii, A ii
(۳) D iii , C i, B ii, A iv (۴) D iii , C iv, B i, A ii

KARWAN E ADAB

86۔ذیل میں دو زمرے تصانیف اور اس کے کرداروں کے لحاظ سے درست ہیں:

(A) فسانہ عجائب: مہر نگار، فیروز بخت
(B) باغ و بہار: بہزاد خان، خورشید
(C) بوستان خیال: جمشید، ابوالحسن جوہر
(D) رانی کیتکی کی کہانی: مہربان داس، پھول کلی

(۱) A اور D (۲) A اور C (۳) C اور D (۴) A اور B

87۔تصانیف اوران کے تخلیق کار کا جوڑ ملائیں:

(A)باغ و بہار (i)رجب علی بیگ سرور
(B)فسانہ عجائب (ii)انشاللہ خاں
(C)بوستان خیال (iii)میر امن
(D)رانی کیتکی کی کہانی (iv)میر تقی خیال

(۱) D i , C ii, B iv, A iii (۲) D ii , C iv, B i, A iii
(۳) D i , C iv, B iii, A ii (۴) D iii , C iv, B i, A ii

88۔''نروان'' کس کے افسانوی مجموعہ کا نام ہے؟

(۱)جیلانی (۲)قرۃ العین حیدر (۳)عصمت چغتائی (۴)اقبال مجید

89۔رانی کیتکی کی کہانی میں چندر بھان اور کنور اودے بھان میں کیا رشتہ ہے؟

(۱)باپ بیٹے کا (۲)استاد شاگرد کا (۳)چچا بھتیجے کا (۴)ماما بھانجے کا

90۔نظم جنگل کی شہزادی میں شاخیں کہاں جھکی ہوئی تھیں؟

(۱)جھاڑیوں میں (۲)پہاڑیوں میں (۳)تالاب کے کنارے (۴)ندیوں پر

91۔یشودھا، رادھا اور زلیخا کا ذکر کس نظم میں ملتا ہے؟

(۱)تاج محل (۲)چکلے (۳)رامائن کا ایک سین (۴)بازیابی

92۔نجات دیدہ و دل کی گھڑی نہیں آئی چلے چلو کہ وہ منزل ابھی نہیں آئی

یہ شعر کس نظم کے آخر میں درج ہے؟

(۱)مجھ سے پہلی سی محبت (۲)تاج محل (۳)خاک ہند (۴)صبح آزادی

93۔شفیق فاطمہ شعریٰ کے شعری مجموعوں کا درست زمرہ کیا ہوگا؟

(۱)گلہ سفورہ، سلسلۂ مکالمات، تلخیاں، گریز

(۲)آفاق نوا، گلہ سفورہ، کرن کرن یادداشت، سلسلۂ مکالمات

(۳)آفاق نوا، گلہ محبوبہ، کرن بندش، سلسلۂ شعر و شاعری

(۴)آفاق وگل، تلخیاں، تاریک سیارہ، آب جو

KARWAN E ADAB

94۔نظم اوران کے تخلیق کار کا درست جوڑ ملائیں:

(A)صبح آزادی (i)ساحر
(B)آثار سلف (ii)حالی
(C)نشاط امید (iii)فیض احمد فیض
(D)چکلے (iv)اسماعیل میرٹھی

(۱) D iii , C ii, B i, A iv (۲) D ii , C iv, B i, A iii
(۳) D i , C ii, B iv, A iii (۴) D i , C iv, B iii, A ii

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

95۔کون سی نظم کس مجموعے میں شامل ہے اس کا جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A)صبح آزادی | (i)شعلہ وشبنم |
| (B)شعاع امید | (ii)دست صبا |
| (C)کسان | (iii)صبح وطن |
| (D)رامائن کا ایک سین | (iv)ضرب کلیم |

(۱) D iii , C i, B iv, A ii
(۲) D ii , C i, B iv, A iii
(۳) D i , C ii, B iii, A iv
(۴) D ii , C iv, B i, A iii

96۔100۔سوالات کے جواب ذیل میں دیئے گئے اشعار کی روشنی میں دیجیے:

| | |
|---|---|
| خبر داری کے عالم کا کہن پیر | کتا ہے خواب کا اس دھات تعبیر |
| ہوا جو شام سوں پھر صبح تبدیل | کئے سب پنکھیاں تسبیح و تہلیل |
| سرج کا دیک مقری صبح کا چھانوں | رکھیا اسمان کے محراب پر پانوں |
| خطیبی کا سرج بے رنگ و ساماں | ہوا انبر کے ممبر پر خراماں |
| ہوا ایک بارگی دو شاہ بیدار | ہوا سو خواب کی مستی سوں ہشیار |
| خماری فکر کی اگر لگی زور | کہ تھا کچھ نس کوں، ہو دن کی دیسیا ہور |

96۔اس اقتباس میں ''دھات'' کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(۱)سونا (۲)طرح (۳)آئے دن (۴)چاندی

97۔اس اقتباس میں نشاطی نے ''خراماں'' کو کس معنی میں استعمال کیا ہے؟

(۱)آگ نکالنے والا (۲)روشنی دینے والا (۳)ٹہلنے والا (۴)خراب

98۔اس اقتباس میں نشاطی نے ''بیدار'' کو کس معنی میں استعمال کیا ہے؟

(۱)جاگتا (۲)جلتا (۳)جیتا (۴)بادشاہ

99۔یہ اقتباس مثنوی پھول بن کے کس عنوان سے لیا گیا ہے؟

(۱)قصہ گل وبلبل (۲)بیان بادشاہ ووزیر (۳)حکایت نقل روح (۴)دربیان خواب دیدن

KARWAN E ADAB

100۔اس اقتباس میں نشاطی نے ''ہور'' کو کس معنی میں استعمال کیا ہے؟

(۱)عہد (۲)ہوڑ (۳)اور (۴)نیا

☆☆ختم شد☆☆

ٹیسٹ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ضرور کریں

(TEAM KARWAN-E-ADAB)